رہبر معظم کی موجودگي میں شب عاشور میں مجلس عزا کا انعقاد - 13 /Nov/ 2013

حسینیہ امام خمینی (رہ) میں رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت امام خامنہ ای کی موجودگی میں نبی کریم حضرت محمد مصطفی (ص) کے نواسے سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام اور ان کے باوفا ساتھیوں کی یاد میں شب عاشور میں مجلس عزا منعقد ہوئیـ مجلس عزا میں اعلی سول اور فوجی حکام اورعوام کے مختلف طبقات کے ہزاروں افراد نے شرکت کیـ حجۃ الاسلام والمسلمین پناہیان نے واقعہ کربلا پر روشنی ڈالی اور اس کے بعد جناب نبہتاش اور حدادیان نے نوحہ خوانی کی اور سید الشہداء حضرت امام حسین (ع) اور ان کے اصحاب کے غم میں مصائب پیش کئےـ

مجالس عزا کا یہ سلسلہ بروز جمعہ 11 محرم الحرام مطابق 24 آبان تک جاری رہےگاـ